# Press Release

December 8, 2015

***For immediate release***

**SECP approves new regulations for licensing and operation of central depository**

**ISLAMABAD – December 8, 2015**: In line with its efforts to strengthen the capital market and as part of subsidiary legislation under the Securities Act, 2015 (the "Act"), the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) has issued draft Central Depositories (Licensing and Operations) Regulations, 2015.

The SECP has published the said regulations in the official Gazette and also placed the same on its website at http://www.secp.gov.pk/notification/pdf/2015/SRO_1196_CentralDepositoriesRegulations_20151202.pdf for eliciting public comments. The regulations have also been disseminated to various prominent stakeholders for consultation purposes. Comments received on the regulations within fifteen days of issuance of these regulations, will be considered and evaluated.

In compliance with the requirements of the Act, the draft regulations provide for matters relating to licensing, minimum financial resources, duties and obligations, audit and accounts, appointment and conduct of directors and management, fit and proper criteria for directors and management and manner of outsourcing of important functions, for the central depository. Under the draft regulations, the financial resource requirements for a central depository company are proposed to be enhanced to an adequate level, given the critical functions being performed by a depository. For good governance, shareholding criteria has been specified for a central depository besides requiring the depository to mandatorily appoint one- third independent directors on its board.

Among other requirements, the depository is being made responsible to have adequate arrangements for protecting the rights of beneficial owners of securities and for resolving disputes and redressal of grievances of CDS elements, beneficial owners of securities and customers. An appropriate monitoring, inspection and enforcement mechanism for CDS elements is also required to be implemented by the central depository under the said regulations. Also segregation of core and noncore businesses has been ensured through the subject regulations.

ایس ای سی پی نے سنٹرل ڈیپازٹری کے لائسنسوں اور آپریشن کے نئے ریگولیشن کی منظوری دے دی

اسلام آباد ( ۸ دسمبر ) سیکورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے کیپیٹل مارکیٹ کے استحکام کی کوششوں کو آگے بڑھاتے ہوئے، سیکورٹیز ایکٹ 2015کے تحت سنٹرل ڈیپازٹری (لائسنسنگ اینڈ آپریشن ) ریگولیشن 2015 کا مسودہ جاری کر دیا ہے۔

سرمایہ کاروں اور شراکت داروں کی رائے حاصل کرنے کے لئے نئے ریگولیشن کے منظور شدہ مسودہ کو سرکاری گزٹ اور ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر مہیا کر دیا گیا ہے۔ دلچسپی رکھنے والے افراد، شراکت دار پندرہ دن کے اندر ان ریگولیشن کے مسودے پر اپنی رائے اور تحفظات سے ایس ای سی پی کو آگاہ کر سکتے ہیں۔ عوامی رائے عامہ کا جائزہ لینے کے بعد مسودے کو حتمی شکل دے دی جائے گی۔

نئے سیکورٹیز ایکٹ کے مطابق، نئے ریگولیشن میں سینٹرل ڈیپازٹری قائم کرنے کے کئے لائسنس ، کم از

کم مالیاتی وسائل ، فرائض اور ذمہ داریوں، آڈٹ اور اکاؤنٹ، ڈائریکٹرز کی تعیناتی اور ادارے کے انتظام سے متعلق ہدایات دی گئی ہیں۔ نئے ریگولیشن میں سینٹرل ڈیپازٹری کی جانب سے اپنے آپریشن کے حصوں کو آؤٹ سورس کرنے کے لئے بھی ہدایات موجود ہیں۔ سینٹرل ڈیپازٹری کے انتظام کو بہتر بنانے کے لئے ڈیپازٹری میں خود مختار ڈائریکٹرز کی تعیناتی سے متعلق شقیں بھی شامل کی گئی ہیں۔

علاوہ ازیں حصص کے حق داروں کے حقوق کی حفاظت اور کسی بھی قسم کے تنازعات کے حل کے لئے کے لئے مناسب اقدامات تجویز کئے گئے ہیں ۔ مزید سینٹرل ڈیپازٹری کا کور اینڈ نان-کور بزنس کے درمیان فرق ان ان کو علیحدہ علیحدہ آپریٹ کرنے کو بھی یقینی بنایا گیا ہے۔